Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کا پلڈاٹ کی عام انتخابات 2024 سے متعلق جائزہ رپورٹ کی روشنی میں انتخابی نتائج کے آزادانہ آڈٹ کا مطالبہ

فافن اور پتن کے بعد پلڈاٹ کی جانب سے بھی عام انتخابات 2024 کی شفافیت اور ساکھ پر اٹھائے گئے سوالات الیکشن کمیشن سے مدلل جواب کے متقاضی ہیں، عام انتخابات 2024 میں شفافیت کا اسکور گزشتہ دو انتخابات کے مقابلے میں کم ترین قرار دیا جانا مسترد شدہ کرداروں پر مبنی جعلی حکومت کی حیثیت واضح کرنے کیلئے کافی ہے،

پلڈاٹ کی حالیہ رپورٹ انتخابات 2024 میں وسیع پیمانے پر دھاندلی کے ذریعے عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ میں الیکشن کمیشن کے مجرمانہ کردار کی توثیق ہے، انتخابی شیڈول میں تاخیر سے لے کر الیکشن کے روز موبائل سروس کی بندش جیسے تمام عوامل نے 2024 کے انتخابات کو گزشتہ ایک دہائی کے کم ترین منصفانہ الیکشن ثابت کیا،

عوام کے ووٹ پر شب خون کے ذریعے اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے مذموم منصوبے کا انکشاف کمشنر راولپنڈی کی زبانی پہلے ہی کیا جا چکا ہے، الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر الیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقررہ وقت کے بعد شائع کردہ جعلی فارم 45 نے نتائج میں غیر قانونی ردوبدل کو پوری قوم کے سامنے بے نقاب کر دیا، ریاستی سرپرستی میں عوام کا مینڈیٹ چھین کر ملک و معیشت کی تباہی کے ذمہ داران کو عوامی منشاء کے خلاف مسلط کرنے کیلئے الیکشن کے نام پر ایک ڈھونگ رچایا گیا، ترجمان تحریک انصاف

جعلی مینڈیٹ پر اسمبلیوں میں پہنچنے والے غیرت و حمیت سے یکسر محروم عناصر ڈھٹائی سے آئین اور جمہوریت کو پیروں تلے روندتے ہوئے وزارتیں سنبھالنے کی تیاری میں ہیں، چوری شدہ مینڈیٹ پر قائم کی جانے والی غیر آئینی حکومت ملک و قوم کی فلاح و بہبود کیلئے سخت فیصلے کرنے کی اہلیت و صلاحیت نہیں رکھتی، تحریک انصاف امیدواروں کو ان کی جیتی گئی نشستوں سے محروم کرنے کے بعد سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کی دیگر سیاسی جماعتوں میں بندربانٹ کا منصوبہ سیاسی عدم استحکام میں مزید اضافے کا سبب بنے گا،

انتخابات کی شفافیت پر اٹھنے والے سوالات اور دھاندلی کے تمام شواہد منظر عام پر آنے کے بعد جعلی فارم 47 پر حلف اٹھانے والے غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوری شدہ نشستیں حقیقی حقداروں کو واپس کریں، ترجمان تحریک انصاف

پلڈاٹ، فافن اور پتن کی انتخابات سے متعلقہ رپورٹس کی روشنی میں عام انتخابات کے نتائج کا آزادانہ آڈٹ کیا جائے اور عوام کے منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

عوام کا چوری شدہ مینڈیٹ اور تحریک انصاف سے چھینی گئی آئینی نشستیں واپس لینے کیلئے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ